# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 24 August 2026**
**Time : 07:40 / PM**

**Opening**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں تجمل احمد۔
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈلائنز

✓ ۱ ۔۔۔۔ بھارت اور چین کے درمیان سرحدی مسئلے پر خصوصی نمائندوں کے 25ویں دور کے مذاکرات کل۔

✓ ۲ ۔۔۔۔ وزیر اعلیٰ نے ہائر سکینڈری سطح پر اسکولوں میں بچوں کے اندراج کی شرح بڑھانے پر توجہ مرکوز کرنے کی دی ہدایت۔

✓ ۳ ۔۔۔۔ بھارت میں یو پی آئی کے ذریعے ڈیجیٹل ادائیگیوں میں انقلاب برپا کرنے کے 10سال مکمل۔

اور

✓ ۴ ۔۔۔۔ رام بن میں زمین دھنس جانے کے واقعے میں کئی مکانوں میں شگاف،، مکین محفوظ مقامات کی طرف منتقل۔

بھارت چین

قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوول آج چین کے دو روزہ دورے پر بیجنگ پہنچ گئے۔ دورے کے دوران وہ کل چین کے وزیر خارجہ وانگ یی کے ساتھ بھارت اور چین کے درمیان سرحدی مسئلے پر خصوصی نمائندوں کے 25 ویں دور کے مذاکرات میں شرکت کریں گے۔ چینی وزارت خارجہ کے ترجمان لن جیان نے کہا کہ دونوں رہنما سرحدی مسئلے کے ساتھ ساتھ دوطرفہ، علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کریں گے۔ 2020 میں گلوان وادی میں جھڑپ اور مشرقی لداخ میں طویل فوجی تعطل کے بعد بھارت اور چین کے تعلقات میں کشیدگی پیدا ہوگئی تھی، تاہم دونوں ممالک نے بعد میں تعلقات کو مستحکم کرنے کے لیے متعدد اقدامات کیے ہیں۔

عمر

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے محکمہ سکولی تعلیم کو ہدایت دی ہے کہ وہ کشتواڑ میں ایک طالبہ کے ساتھ پیش آئے بہیمانہ واقعے کی تحقیقات جلد سے جلد مکمل کرے تاکہ اس معاملے میں ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دی جاسکے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ایک ماہ کے اندر تحقیقات مکمل کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے چھان بین کو منطقی انجام تک پہنچانے کی ضرورت اجاگر کی ہے۔

سی ایم

اسی دوارن وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ہائر سیکنڈری سطح پر سرکاری اسکولوں میں بچوں کے اندراج کی شرح میں بہتری لانے پر توجہ مرکوز کرنے پر زور دیا ہے۔ سول سیکرٹریٹ سرینگر میں متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے محکمہ اسکولی تعلیم کی کارگزاری کا تفصیلی جائزہ لیا۔ وزیر اعلیٰ نے **714** ہائی اسکولوں کو مرحلہ وار طریقے پر **K-12** کمپوزیٹ اسکولوں میں اپ گریڈ کرنے کے منصوبے کا بھی جائزہ لیا، جس میں تدریسی اور غیر تدریسی عملے، بنیادی ڈھانچے، لیبارٹریوں اور دیگر درکار سہولیات بھی شامل ہیں۔ مانا جارہا ہے کہ اس اپ گریڈیشن سے حصول تعلیم کا تسلسل برقرار رہے گا اور گیارہویں اور بارہویں جماعت میں داخلے کی رسائی آسان ہوگی جبکہ دسویں کے بعد دوسرے پڑاؤ میں جانے کے دوران اسکول چھوٹ جانے کی شرح میں کمی آئے گی۔

سی ایم بجلی

اس دوران وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بجلی کی شرحوں میں اضافے کے اعلان کے بارے میں پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں کہا ہے کہ مہنگائی کے اس دور میں بجلی فیس میں بھی تھوڑا اضافہ کرنا وقت کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ جیسے جیسے بجلی کے سیکٹر میں نقصانات کم ہوتے جائیں گے فیس میں اضافے کے اقدام کی نوبت بھی اسی قدر کم آئے گی۔

----CM/Power-----

وزیر اعلیٰ

دریں اثناء وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے شہر سرینگر میں بھاولے کتوں کی ہڑ بھونگ کے مسئلے سے نمٹنے کیلئے مشن موڈ پر کاروائی کرنے کی ضرورت اجاگر کی ہے۔وہ اس سلسلے میں سرینگر میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران پورے جموں وکشمیر کے اندر جانوروں کی تولید کو قابو کرنے کے اقدامات پر عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ لے رہے تھے۔

جاوید رانا

جنگلات وماحولیات اور قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے قبائلی طبقوں کو بااختیار بنانے کیلئے جانکاری عام کرنے اور اجتماعی کاروائیاں کرنے پر زور دیا ہے۔جموں یونیورسٹی میں گجر بکروال سٹوڈنٹس الائنس کی طرف سے "Implementation of Forest Rights Act and the way Forward" کے موضوع سے منعقدہ ایک روزہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے حقوق جنگلات سے متعلق قانون کی موثر عمل آوری یقینی بنانے کی ضرورت اجاگر کی۔اس سیمینار میں طالب علموں کے علاوہ قبائلی طبقوں سے وابستہ نمائندوں اور دیگر متعلقہ فریقین نے فاریسٹ رائٹ ایکٹ کی عمل آوری پر سیر حاصل تبادلہ خیال کیا۔جاوید رانا نے یہ بات زور دے کر اجاگر کی کہ اہل طبقوں کو اس ایکٹ کے بارے میں زیادہ سے زیادہ آگاہ کیا جانا چاہئے تاکہ وہ وضع کردہ قانون ڈھانچے کے اندر اس کے فوائد سے مستفید ہوسکیں۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران منشیات کے شکار افراد کی باز آباد کاری اور ان کی سماجی و اقتصادی تانے بانے میں واپسی کی اسکیم کے پہلے مرحلے کے پائلٹ پروجیکٹ پر عمل آوری کیلئے تیاریوں کا جائزہ لیا۔ یہ اسکیم محکمہ سوشل ویلفیئر کی دیکھ ریکھ میں چلائی جائے گی۔ چیف سیکرٹری نے محکمے کو یہ پائلٹ پروجیکٹ وقت سے پہلے شروع کرنے کیلئے ضروری اقدام کرنے کی ہدایت دی۔

## UPI

یونیفائیڈ پیمنٹس انٹرفیس (یو پی آئی) بھارت میں ڈیجیٹل ادائیگیوں میں انقلاب برپا کرنے کے دس سال مکمل کر رہا ہے، جسے نیشنل پیمنٹس کارپوریشن آف انڈیا نے ریزرو بینک آف انڈیا کی نگرانی میں 25 اگست 2016 کو شروع کیا تھا۔ یو پی آئی آج بھارت کے ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام کی ریڑھ کی ہڈی اور مالی شمولیت کا ایک اہم ذریعہ بن چکا ہے۔ گزشتہ ایک دہائی کے دوران یو پی آئی نے غیر معمولی ترقی کی ہے۔ مالی سال 17-2016 میں ایک کروڑ 78 لاکھ لین دین سے بڑھ کر مالی سال 26-2025 یں سالانہ لین دین کی تعداد 24 ہزار 162 کروڑ سے تجاوز کر گئی، جو تقریباً 13 ہزار گنا اضافہ ہے۔ اسی عرصہ میں لین دین کی مالیت صفر عشاریہ صفر سات لاکھ کروڑ روپے سے بڑھ کر تقریباً 314 لاکھ کروڑ روپے ہوگئی، یعنی چار ہزار گنا سے زیادہ اضافہ۔ یو پی آئی بھارت کے ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر کا ایک کامیاب ستون بن چکا ہے، جو فوری اور باہم مربوط ادائیگیوں کی سہولت فراہم کرتا ہے۔

لینڈ سلائیڈنگ

رام بن ضلعے کے **Kulthi Chakka Kundi** میں دریائے چناب کے کنارے زمین دھنس جانے کے نتیجے میں کئی مکانوں میں شگاف پڑنے کے بعد تین کنبوں کے اہل خانہ کو احتیاط کے طور پر محفوظ مقامات کی طرف منتقل کیا گیا ہے۔ لینڈ سلائڈنگ کے ان واقعات کے نتیجے میں مقامی لوگوں میں خوف و ہراس پھیل گیا ہے جبکہ انتظامیہ اور محکمہ مال کی ٹیموں نے متاثرہ علاقوں کا برسر موقعہ جائزہ لیا۔ راج گڈھ کے تحصیل دار کے مطابق ایک غیر رہائشی ڈھانچہ پانی کی موجوں میں بہہ گیا جبکہ دیگر کئی رہائشی مکانوں میں دراڑیں پڑ گئی ہیں۔

عید میلاد

وادی بھر میں عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں جاری ایام متبرکہ کے دوران وادی کے خانقاہوں، زیارتگاہوں، مساجد اور دیگر بقعہ جات میں ختمات المعظمات، درود واذ کار اور نعت ومناجات کے علاوہ ولادت باسعادت اور سیرت النبی ﷺ کی روح پرور مجالس کا انعقاد جاری ہے۔ آثار شریف درگاہ حضرتبل میں ان دنوں میں نماز عصر سے نماز مغرب تک مولود خوانی کی مجالس میں کافی تعداد میں لوگ شرکت کر کے اپنے گناہوں کی معافی طلب کرنے کے ساتھ ساتھ ملک وقوم کی فلاح و بہود کیلئے خصوصی دعائیں مانگتے ہیں۔ عید میلاد النبی ﷺ کی مناسبت سے آثار شریف شہری کلاشپورہ اور زیارت حضرت شیخ بہاؤالدین گنج بخشؒ قطب الدین پورہ نوہٹہ میں بھی تقریبات کا انعقاد ہوا جن میں عقیدت مندوں کی ایک بڑی تعداد نے حصہ لیا۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکرٹری علی محمد ساگر نے صوبائی انتظامیہ پر زور دیا ہے کہ وہ عید میلاد النبی ﷺ کی تقریب سعید کے پیش نظر درگارہ حضرتبل میں زائرین کیلئے پانی، بجلی، طبی نگہداشت اور ٹرانسپورٹ کی سہولیات کی فراہمی میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرے۔ اسی دوران نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ، نائب صدر اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے حضرت سلطان سید محمد علی عالی بلخیؒ پکھرپورہ کے عرس کے موقعے پر عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل اپلیکیشن News on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ہمدردی اور رحم دلی انسان میں خود اعتمادی اور خود داری پیدا کرتی ہے، جبکہ اطمینان حقیقی خوشی کا ذریعہ بنتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہی جذبہ معاشرے میں تعاون اور ہم آہنگی کے رشتوں کو مزید مضبوط کرتا ہے۔ وزیر اعظم نے ایک سنسکرت سبھاشتم بھی شیئر کیا، جس میں دوسروں کے ساتھ رحم دلی سے پیش آنے، زندگی میں حاصل نعمتوں پر اطمینان رکھنے، محنت اور عزم کے ذریعے سستی، شکوک اور تذبذب پر قابو پانے کی تلقین کی گئی ہے۔ وزیر اعظم نے یہ پیغام سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بھی شیئر کیا۔

**PM**

وزیر اعظم نریندر مودی نے نجی خلائی شعبے سے عالمی سطح پر جدت اور تحقیق کا ایسا ماحول پیدا کرنے پر زور دیا ہے کہ دنیا بھر کے افراد خلائی شعبے میں کیریئر کے لیے بھارت کا رخ کریں۔ نئی دہلی میں انہوں نے 20 خلائی اسٹارٹ اپس کے CEOs اور بانیوں سے بات چیت کی۔ وزیر اعظم نے بھارت کی کم لاگت خلائی لانچنگ کی صلاحیت کو اجاگر کرتے ہوئے اسٹارٹ اپس سے مستقل محنت اور مضبوط خلائی ماحولیاتی نظام تشکیل دینے کی اپیل کی۔ قومی خلائی سائنس کے موقع پر انہوں نے چندریان **3** کی تاریخی کامیابی کو سراہا۔

---PM-----

خراج

وزیر داخلہ امت شاہ نے سابق مرکزی وزیر ارون جیٹلی کی برسی پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ انہوں نے جیٹلی کو ماہر قانون، بہترین مقرر اور قابل منتظم قرار دیتے ہوئے ان کی خدمات کو یاد کیا۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی آنجہانی کو اُن کی برسی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے انہیں ایک قد آور اور معروف وکیل اور بہترین پارلیمانی رکن قرار دیا، جنہوں نے اپنی ذہانت اور دانشمندی سے قوم کی خدمت میں کوئی بھی کسر باقی نہیں رکھی۔ ایل جی نے کہا کہ آنجہانی کے اصول اور اُن کا کام، آنے والی نسلوں کو ترغیب دیتا رہے گا۔

## BJP

پردیش بی جے پی صدرست شرما کی صدارت میں آج سرینگر میں پارٹی لیڈروں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما، رکن پارلیمان جگل کشور، نائب صدر شہناز گنائی، جنرل سیکٹری محمد انور خان اور گوپال مہاجن بھی موجود تھے۔ست شرما نے کہا کہ بی جے پی کشمیر میں لوگوں کی ایک مضبوط آواز کے بطور ابھرے گی۔اسی دوران پارٹی کے تنظیمی امور کے جنرل سیکرٹری اشوک کول کی صدارت میں سرکٹ ہاؤس شوپیاں میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ بی جے پی کے ہر ورکر کو پارٹی کی توسیع اور عوامی خدمت کے ایک آلے کے طور پر کام کرنا چاہیئے۔

حکیم یاسین

پی ڈی ایف کے چیئرمین حکیم محمد یاسین نے بجلی فیس کی شرحوں میں اضافے کی مخالفت کرتے ہوئے اسے فوری طور پر واپس لینے پر زور دیا ہے۔پریس کے نام جاری ایک بیان میں انہوں نے جموں وکشمیر کے پن بجلی کے وسائل کو سونپنے کیلئے متواتر سرکاروں کو ذمہ دار ٹھہرایا ہے۔انہوں نے موجودہ سرکار کو اس کا دوسو یونٹ کا چناوی وعدہ بھی یاد دلاتے ہوئے اسے عملی جامہ پہنانے کی بات بھی رکھی ہے۔

کرائم برانچ

کرائم برانچ کشمیر کی اقتصادی جرائم سے متعلق ونگ نے چارسو بیسی کے ایک معاملے میں علمدار کالونی چرار شریف بڈگام کے رہنے والے جنید الاسلام نامی ایک ٹھگ کو بنگلور سے گرفتار کرلیا ہے۔مذکورہ شخص کے خلاف ایڈیشنل منصف جوڈیشل مجسٹریٹ سرینگر نے گرفتاری کا وارنٹ جاری کیا تھا البتہ گرفتاری سے بچنے کیلئے وہ گذشتہ ایک سال سے روپوش تھا۔کرائم برانچ نے کہا ہے کہ مذکورہ شخص نے خود کو ایک ای کامرس کمپنی کا سرمایہ کار جتلا کر مختلف افراد سے اس وعدے کے ساتھ 2 کروڑ روپے جمع کئے کہ انہیں ماہانہ کی بنیاد پر دس فیصد کے حساب سے منافع دیا جائے گا۔تاہم رقم جمع کرتے ہی جنید غائب ہوگیا جس کے بعد اس کے خلاف ایک شکایت درج کی گئی تھی۔

پولیس

شوپیاں پولیس کی طرف سے سوِیک ایکشن پروگرام کے تحت ضلع کے زینہ پورہ علاقے میں ایک روڈ ریس کا انعقاد کیا گیا جس کا مقصد نوجوانوں میں منشیات سے پاک اور جسمانی چُستی نیز صحت مند طرز زندگی

کو فروغ دینا تھا۔اس دوران شوپیاں پولیس نے معدنیات کی غیر قانونی نکاسی اور ترسیل میں استعمال ہونے والے پانچ ٹریکٹر اور **2** ٹپر ضبط کر کے **2** ایف آئی آر درج کیئے ہیں ۔اسی طرح کی ایک اور کاروائی ضلع گاندربل میں بھی منعقد ہوئی جہاں پولیس نے **4** گاڑیوں کو ضبط کرلیا۔

صدر

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو 5 ستمبر 2026 کو نئی دہلی کے وگیان بھون میں اعلیٰ تعلیمی اداروں اور پولی ٹیکنکس کے 21 اساتذہ اور فیکلٹی ارکان کو قومی اساتذہ ایوارڈز سے نوازیں گی۔اس سال مرکزی اعلیٰ تعلیمی اداروں سے 12، ریاستی یونیورسٹیوں اور کالجوں سے پانچ، جبکہ پولی ٹیکنکس سے چار اساتذہ کو اس اعزاز کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔ریاستی اداروں میں تین سرکاری اور دو نجی کالج، جبکہ پولی ٹیکنکس میں دو سرکاری اور دو نجی ادارے شامل ہیں۔قومی اساتذہ ایوارڈز 2026 کیلئے نامزدگیاں راشٹریہ پرسکار پورٹل کے ذریعے 26 مئی سے 20 جولائی 2026 تک آن لائن طلب کی گئی تھیں۔اس عمل میں جن بھاگیداری کے تحت خود نامزدگی، ادارہ جاتی اور ساتھی اساتذہ کی نامزدگی کی سہولت بھی فراہم کی گئی۔ یہ توسیع قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے تحت تعلیمی نظام میں بہترین کارکردگی کے کلچر کو فروغ دینے کے ویژن کے مطابق کی گئی۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش کا امکان ہے ۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **30.5** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **16.4** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **34.3** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **24.2** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **5** بجکر **59** منٹ اور غروب آفتاب شام **7** بجکر **06** منٹ پر ہوگا۔

## Closing

اس کے ساتھ خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔اجازت دیجئے۔خدا حافظ۔